## جنرل پرویز مشرف کی فوجی حکومت کے ساتھ نواز شریف کا معاہدہ منظر عام پر آنے سے
## قوم کے سامنے نواز شریف کا جھوٹ ثابت ہوگیا ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق
## جولوگ قوم سے جھوٹ بولتے ہوں اور کھلا دھوکہ دیتے ہوں ایسے جھوٹے اور دغاباز لوگوں کو سیاست کرنے
## اور قوم کی رہنمائی کرنے کا کوئی حق نہیں ۔قوم کو ایسے جھوٹے اور دغاباز لوگوں کو یکسر مسترد کردینا چاہیے
## اپوزیشن کی سیاسی و مذہبی جماعتوں کو قوم سے جھوٹ بولنے اور کھلا دھوکہ دینے والوں کو اپنے درمیان نہیں بٹھانا چاہیے

لندن۔۔۔22 اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا ہے کہ جنرل پرویز مشرف کی فوجی حکومت کے ساتھ میاں نواز شریف کا معاہدہ منظر عام پر آنے سے قوم کے سامنے میاں نواز شریف کا جھوٹ ثابت ہوگیا ہے اور یہ بات اب پایہءثبوت کو پہنچ گئی ہے کہ میاں نواز شریف اور ان کی سیاست صرف اور صرف جھوٹ پر مبنی ہے۔اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ میاں نواز شریف اور شہباز شریف سات سال سے اپنے کارکنوں اور پاکستان کے عوام سے بڑی ڈھٹائی کے ساتھ مسلسل جھوٹ بولتے رہے اور قسمیں کھا کھا کر کہتے رہے کہ ہم نے اپنی رہائی اور ملک سے باہر جانے کیلئے حکومت سے کوئی معاہدہ نہیں کیا لیکن آج سپریم کورٹ کے روبرو جنرل پرویز مشرف کی فوجی حکومت کے ساتھ میاں نواز شریف اور شہباز شریف کا معاہدہ پیش کردیا گیا ہے جس پر نواز شریف اور شہباز شریف کے دستخط موجود ہیں ۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ جولوگ قوم سے ڈھٹائی کے ساتھ جھوٹ بولتے ہوں اور قوم کو کھلا دھوکہ دیتے ہوں ایسے جھوٹے اور دغاباز لوگوں کو سیاست کرنے اور قوم کی رہنمائی کرنے کوئی حق نہیں بلکہ ایسے جھوٹے اور مکار لوگوں کو لیڈر کہنا لفظ لیڈر کی توہین ہے۔انہوں نے کہا کہ جولوگ اپنی جان بچانے کیلئے رات کی تاریکی میں فوج سے معافی تلافی کر کے ملک سے فرار ہوجاتے ہوں اور پھر اس ڈیل کے بارے میں قوم سے مسلسل جھوٹ بولتے ہوں قوم کو ایسے جھوٹے اور دغاباز لوگوں کو یکسر مسترد کردینا چاہیے جو اپنا جھوٹ بے نقاب ہوجانے کے باوجود بھی بے شرمی اور ڈھٹائی کے ساتھ جھوٹ بول رہے ہیں ۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ اپوزیشن کی سیاسی و مذہبی جماعتوں میں اگر ذرہ برابر بھی اخلاقی جرات ہے تو انہیں قوم سے جھوٹ بولنے اور کھلا دھوکہ دینے والوں کو اپنے درمیان نہیں بٹھانا چاہیے۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ آج قوم کے سامنے نواز شریف کا جھوٹ بے نقاب ہونے سے ایک بار پھر یہ بھی ثابت ہوگیا ہے کہ نواز شریف نے آج تک ایم کیوایم پر جتنے بھی الزامات لگائے وہ سراسر جھوٹے اور بے بنیاد ہیں ۔

## نواز شریف قوم کیلئے کلنک کا ٹیکہ اور شرم کا باعث ہیں،ڈاکٹر عمران فاروق
## سعودی حکومت سے معاہدہ حکومت پاکستان کی مرضی کے بغیر نہیں ہوسکتا تھا کیونکہ شریف برادران جیل میں تھے
## نواز شریف اور شہباز شریف کو قوم سے معافی مانگنی چاہئے اور آئندہ کیلئے سیاست سے توبہ کرنی چاہئے۔ٹی وی چینلز کو انٹرویو

کراچی۔۔۔22،اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنماء نواز شریف اور شہباز شریف گزشتہ کئی برسوں سے قوم سے مسلسل جھوٹ بولتے رہے ہیں اور اپنی جان بچانیں کیلئے فوجی حکومت سے معاہدہ کرنے والے لیڈر قوم کیلئے ناسور اور شرم کا باعث ہیں ۔یہ بات انہوں نے نواز شریف اور حکومت کے درمیان معاہدہ کے دستاویز منظر عام پر آنے کے حوالے سے جیو ٹی وی اور آج ٹی وی کو ٹیلی فون پر انٹرویو دیتے ہوئے کہی ۔انہوں نے کہا کہ بحیثیت پاکستانی یہ بڑی افسوسناک اور شرمناک صورتحال ہے کہ نواز شریف اور شہباز شریف جو اپنے آپ کو قوم کا لیڈر کہتے ہیں وہ گزشتہ کئی برسوں سے قوم سے مسلسل جھوٹ بولتے رہے،کھلا جھوٹ بولتے رہے،فراڈ کرتے رہے کہ ان کا کوئی معاہدہ نہیں ہوا اور بڑے بڑے دعوے کرتے رہے کہ ہم جان دے دینگے اور عوام کو یہاں سے بیٹھ کر کہتے رہے کہ عوام سڑکوں پر نکلیں اور جانیں دیں لیکن اب یہ معاہدہ منظر عام پر آچکا ہے جس میں یہ خود جب یہ گئے ہیں اس وقت جنرل پرویز مشرف کی فوجی حکومت تھی کوئی سویلین حکومت نہیں تھی ۔یہ ایک فوجی حکومت سے ڈیل کر کے اپنی جان بچانے اور مال بچانے کیلئے یہ رات کے اندھیرے میں ڈیل کر کے نکل گئے،اتنے برسوں سے قوم کو مسلسل دھوکہ دیتے رہے اور آج معاہدہ منظر عام پر آنے کے بعد بھی یہ اپنی غلطی پر شرمندہ ہونے اور قوم سے معافی مانگنے کے بجائے ڈھٹائی پر تلے ہوئے ہیں ۔انہوں نے مزید کہا کہ شہباز شریف صاحب کہہ رہے ہیں کہ مجھ سے بندوق کی نوک پر معاہدہ کرایا ہے اور میں نے اپنی جان بچانے کیلئے معاہدہ کیا جبکہ نواز شریف صاحب کہہ رہے ہیں کہ ہمارا معاہدہ سعودی حکومت سے ہوا۔سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر ان کو جان بچانی تھی تو یہ قوم کے لیڈر کیوں بنے تھے اور اتنی بڑی بڑی باتیں کیوں کرتے تھے؟ اگر بقول ان کے سعودی حکومت سے معاہدہ ہوا تھا تو سعودی حکومت سے بھی یہ معاہدہ حکومت پاکستان کی

مرضی کے بغیر نہیں ہوسکتا تھا کیونکہ یہ جیل میں قید تھے اور جیل سے ان کو حکومت پاکستان نے نکالا۔تو ان کا یہ کہنا بھی غلط ہے کہ ان کی پرویز مشرف کے ساتھ کوئی ڈیل نہیں ہوئی تھی۔آج پوری قوم کے سامنے وہ دستاویز آچکی ہے جن پر انکے دستخط ہیں، انہوں نے اپنی جان بچانیں کیلئے یہ معاہدہ کیا اور یہ بھی ثابت ہوگیا کہ ایسے لیڈر قوم کیلئے شرم کا باعث ہیں، انکو قوم سے معافی مانگنی چاہئے اور آئندہ کیلئے سیاست سے توبہ کرنی چاہئے۔یہ ایم کیو ایم پر بھی اسی طرح جھوٹا الزامات لگاتے رہے جو آج ثابت ہوگیا کہ ان کی سیاست سوائے جھوٹ کے اور عوام کو فریب دینے کے علاوہ کچھ بھی نہیں ہے۔ڈاکٹر عمران فاروق نے کہا کہ نواز شریف اور شہباز شریف جو معاہدہ کر کے گئے تھے وہ تمام پاکستانیوں کے سامنے سوالیہ نشان ہے۔عوام یہ سوال کرتے ہیں کہ ایسے لیڈر جو اپنی جان بچانے کیلئے ایک فوجی حکومت سے رات کی تاریکی میں ڈیل کر کے اپنے خاندان اور اپنی دولت بچا کر نکل گئے اور مسلم لیگ کے غریب کارکنوں کو کہتے رہے کہ وہ سڑکوں پر آئیں اور مرتے رہیں، ایسے لیڈروں کو جو اپنی جان بچا کر نکل جائیں انہیں قیادت کرنے کا حق ہی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ شہباز شریف صاحب یہ کہہ رہے ہیں کہ گن پوائنٹ پر انہوں نے جان بچانے کیلئے یہ معاہدہ کرلیا۔انہوں نے کارکنوں سے یہ کہہ کر کہ تم سڑکوں پر گولیاں کھاؤ اور تحریک چلاؤ اپنی جان بچا کر نکل گئے۔میں سمجھتا ہوں کہ ایسے لیڈر قوم کیلئے ایک ناسور ہیں اور کلنک کا ٹیکہ ہیں جو قوم سے جھوٹ بول رہے ہیں۔ان کا جھوٹ آج کھل چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایم کیو ایم پر جھوٹے الزامات لگاتے تھے، وہ بھی جھوٹے ثابت ہوگئے ہیں۔

## ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر اور لیبر ڈویژن پی ٹی سی ایل یونٹ کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔22/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن ضیاء حسین کی والدہ محترمہ صحیفہ اعجاز اور ایم کیو ایم لیبر ڈویژن پی ٹی سی ایل یونٹ کے کارکن سد ظفر کی والدہ محترمہ مسرت جہاں بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے۔

## حق پرست صوبائی مشیر نعمان سہگل اور ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ایم کیو ایم کے پختون کارکن سخی رحمٰن شہید کے سوگوار لواحقین سے تعزیت کی

کراچی۔۔۔22/اگست 2007ء

حق پرست صوبائی مشیر نعمان سہگل اور پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان و دیگر اراکین نے 12 مئی کو شہید ہونیوالے ایم کیو ایم کے پختون کارکن سخی رحمٰن شہید کے گھر پہاڑ گنج جا کر شہید کے والد درویش خان، بھائی اور دیگر سوگوار لواحقین سے ملاقات کی اور دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔وہ کچھ دیر سوگواران کے ساتھ رہے اور انہوں نے سخی رحمٰن شہید کی مغفرت انکے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی کی۔

## پنجاب کنونشن کے بعد ایم کیو ایم مخالفین کی تمام سازشیں ثابت ہوگئی ہیں، طاہر کھوکھر آرگنائزر ایم کیو ایم آزاد کشمیر

کراچی۔۔۔22/اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے آرگنائزر اور آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ لاہور میں ہونے والے ایم کیو ایم پنجاب ورکرز کنونشن کی زبردست کامیابی سے ثابت ہوگیا ہے کہ ایم کیو ایم عوامی جماعت ہے اور اس میں شامل کشمیری سمیت ملک بھر کی تمام قومیتوں اور برادریوں کے 98، فیصد غریب و متوسط طبقے کے افراد اپنے حقوق کی جدوجہد کررہے ہیں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ 12 مئی کو کراچی میں ہونے والی ہلاکتوں کے بعد تمام ہی نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں نے سیاسی مخالفت میں ایم کیو ایم کو تنقید کا نشانہ بنا کر اسے دیوار سے لگانے کی کوشش کی لیکن الحمدللہ ایم کیو ایم پنجاب کنونشن کے بعد ایم کیو ایم کے مخالفین کی تمام سازشیں ناکام ثابت ہوگئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کے فروغ کے باعث آزاد کشمیر سمیت سندھ، بلوچستان، سرحد اور پنجاب میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے خلاف غریب و متوسط طبقے کے افراد میں شعوری بیداری کا عمل شروع ہو چکا ہے اور اس شعوری بیداری کے عمل کے فروغ کو روکنے کیلئے ایم کیو ایم کے قیام کے ساتھ ہی اس کے خلاف گھناؤنی سازشوں کا سلسلہ شروع کردیا گیا مگر ہر مرتبہ نہ صرف ایم کیو ایم نے ان سازشوں کا جمہوری انداز میں پامردی سے مقابلہ کیا اور ثابت کردیا کہ ملک

کی اصل عوامی نمائندہ جماعت ایم کیوایم ہی ہے۔ طاہر کھوکھر نے پنجاب ورکرز کنونشن کی زبردست کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین، ایم کیوایم پنجاب کے ذمہ داران، کارکنان کو دلی مبارکباد پیش کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حق پرستی کے قافلے کو جلد از جلد اپنی منزل تک پہنچائے۔

## کورنگی سیکٹر کے یونٹ 69 کے کارکنان نعیم بخش اور شفیق غیر معینہ مدت کیلئے معطل اور فرحان کی تنظیم سے لاتعلقی

کراچی۔۔۔22اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ کورنگی سیکٹر کے یونٹ 69 کے کارکنان نعیم بخش ولد نصیر بخش اور شفیق ولد محمد حسین کو تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی کرنے کی بنا پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جبکہ رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ فرحان محمود ولد محمود خان کا تنظیم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ لہٰذا تمام کارکنان و ذمہ داران کو ہدایت دے دی جاتی ہے کہ وہ مذکورہ افراد سے کسی قسم کا تعلق نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆